19/05/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔عارف حسین

پد یاترا

نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت یوٹی کے سبھی اضلاع میں سیول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے مختلف سرگرمیاں جاری ہیں۔

سرکار نے منشیات کے سمگلروں کی سرگرمیوں کو برداشت نہ کرنے کی پالیسی پر کاربند رہنے کا تہیہ کیا ہوا ہے ۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG------

اس دوران آج جنوبی کشمیر کے پلوامہ ضلے میں منشیات مخالف پد یاترا کا اہتمام ہو رہا ہے ۔ اس پد یاترا کو لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ پد یاتر امیں سماج کے مختلف طبقوں سے تلق رکھنے والے شرکت کر رہے ہیں۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت پچھلے38دنوں کے دوران 7سو66ایف آئی آر درج کئے گئے ہیں ، جبکہ 856افراد کو گرفتار کیاجا چکا ہے ۔ اس مدت میں پولیس نے 677کلو گرام نشیلی اشیاءبھی ضبط کی ہے۔

ایل جی ملاقات

گجرات کی ایک سماجی تنظیم وشوا گرام ٹرسٹ کے رضا کاروں نے ٹرسٹ کے بانی سنجے Bhavsar- کی سربراہی میں لوک بھون سرینگر میںلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقا ت کی

، جنتا دل یونائٹیڈ Vijaya K Rahatkar مرکزی سرکار کے خواتین کے قومی کمیشن کی چیر پرسن جموں کشمیرکے صدر جی ایم شاہین اور کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر جاوید احمد ٹینگہ نے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کی ۔

مردم شماری

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے عوام سے تاکید کی ہے کہ وہ مردم شماری2027کے کا عمل مکمل کریں ۔ یہ بات انہوننے کل سول سکریٹریٹ Enumeration سلسلے میں سیلف کرانے کے دوران کی -Enumeration سرینگر میں اپنا سیلف

کابینہ وزراءسکینہ ایتو، جاوید احمد ڈار اور ستیش شرما کے علاوہ کئی ممبران اسمبلی نے بھی مکمل کیا ہے ۔Enumeation اپنا سیلف

ڈلو

چیف سیکریٹر ی اٹل ڈلو نے مشن یوا کی ایپکس کمیٹی کی ایک میٹنگ میں جموں کشمیر میں اس مشن کے تحت جاری سرگرمیوں اور حصولیابیوں کاجائزہ لیا۔ انہیں بتایاگیا کہ مشن کے تحت اب تک ایک لاکھ سے زائد درخواستیں وصول کی گئی ہیں جن میں سے 57ہزار درخواستیں منظور کی گئی ہیں۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ مختلف بینکونکی جانب سے 25ہزار درخواست دہندگان کے حق میں1ہزار2سو کروڑ روپے کے قرضے واگذار کئے گئے ہیں۔

چیف سیکریٹری نے مشن کو کامیابی کے ساتھ عملانے کی ضرورت پر زور دیا۔

ڈاکٹر مختار

جموں کشمیرمیں موسم کی تبدیلی اور گرما کی آمد کے ساتھ ہی درجہ حرارت میں اضافہ درج کیا جا رہاہے ۔ یوٹی کے بیشتر علاقوں مینخشک موسمی صورتحال بنی ہوئی ہے ۔

تازہ موسمی صورتحال کے بارے میں سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

........Dr. Mukhtar........

شاہدحسین

اس دوران جموں میں گرمی کی لو سے بچنے کیلئے عوام کیلئے ایک ایڈوائزری بھی جاری کی گئی ہے ۔ جموں میونسپل کارپوریشن میں تعینات ڈاکٹر شاہد حسین نے اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

........Dr.Shahid........

LPG

جموں و کشمیر میں ایندھن کی مجموعی سپلائی صورتحال مستحکم اور اطمینان بخش ہے۔
یہ بات اوئل انڈسٹری کے سٹیٹ لیول کارڈنیٹر ہمانشو شرمانے ایک بیان میں کہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سپلائی چین کا پورا نظام بغیر کسی رکاوٹ کے
مو

ثر انداز میں کام کر رہا ہے۔ؕ

ہمانشو شرما نے مزید کہا کہ گھریلو صارفین کے لیے ایل پی جی سپلائی کو ترجیح دی جا رہی ہے اور اس کی فراہمی معمول کے مطابق برقرار ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ Panic Buying نہ کریں۔

ادبی مرکز

ادبی مرکز کمراز نے کشمیری زبان میں م□یاری ادبی تخلیق کی حوصلہ افزائی کی خاطر ”بیسٹ بُک ایوارڈ“کیلئے نامزدگیاں طلب کی ہیں۔ مرکز کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ اس ایوارڈ کیلئے بارہمولہ ، بانڈی پورہ ، کپواڑہ اور گاندربل اضلاع سے ت□لق رکھنے والے ادیب اور شاعر اپنی نامزدگیاں جمع کرا سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات ادبی مرکز کمراز کے ذمہ داروں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

لابرو

ڈپٹی کمشنر سرینگراکشے لابرو نے کل انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ مین□ید الاضحی کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے اس سلسلے مینمت□لقہ محکموں کے ما بین قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17اعشاریہ 3ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ28 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ